© rasailojaraid.com



**ڈاکٹر محمد حمیدؒ اللہ کی بہترین تحریریں**، مرتب: سید قاسم محمود۔ ناشر: بیکن بکس، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۹۲۔ قیمت مجلد: ۲۷۵ روپے۔

ڈاکٹر حمیدؒ اللہ کے انتقال کے بعد اہلِ علم نے ان کی یاد کا حق ادا کر دیا ہے۔ یقیناً یہ معاشرے کی زندگی کی علامت ہے۔ ایک طرف یادگاری مضامین کا سلسلہ شروع ہوا تو دوسری طرف کتب آنا شروع ہوگئیں۔ اس سلسلے کی زیرِ نظر کتاب حسنِ ترتیب اور حسنِ طباعت کے لحاظ سے بڑی دل کش ہے۔ حسنِ تدوین کے لیے سید قاسم محمود کا نام ضمانت ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ کے چند اہم مضامین سلیقے سے ترتیب دے کر جمع کر دیے گئے۔

کتاب میں ۱۲ خطبات بہاولپور کی تلخیص و تسہیل اور ۴۰ استفسارات کے جواب شامل ہیں۔ پہلے حصّے میں حمید اللہ مرحوم کی شخصیت پر چند مطبوعہ مضامین (محمود احمد غازی، صلاح الدین شہید، شاہ بلیغ الدین) ہیں۔ آخر میں ایک ہی صاحب کے نام ان کے مکتوبات ہیں جن پر وضاحتی نوٹ بھی دیے گئے ہیں۔ ان تین طرح کے آئینوں میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی شخصیت چلتی پھرتی دیکھی جاسکتی ہے اور ان کی وسعتِ نظر اور تبحر علمی کا اندازہ ہوتا ہے۔

غرض یہ کتاب ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے لیے نہایت موزوں اور قرار واقعی خراجِ عقیدت و تحسین ہے جس کا مطالعہ قاری کو ان کی زندگی اور کام کے ہر پہلو سے بلاواسطہ آگاہی دیتا ہے۔ کتاب کے نام میں ''بہترین'' کے بجاے ''منتخب'' زیادہ بہتر ہوتا۔ (مسلم سجاد)

## تعارفِ کتب

☆ نونہال، خاص نمبر، مدیر: مسعود احمد برکاتی، ناشر: دفتر ہمدرد نونہال، ڈاک خانہ ناظم آباد، کراچی-۷۴۶۰۰۔ صفحات: ۱۸۴۔ قیمت: ۲۰ روپے۔ [نونہال، پچاس سال سے بچوں کا معیاری ادب پیش کر رہا ہے۔ یہ اس کا خاص نمبر ہے۔ دل چسپ اور سبق آموز مضامین، کہانیاں، نظمیں وغیرہ۔ بچوں کی ذہنی استعداد بڑھانے اور ان میں مثبت، تعمیری جذبات پیدا کرنے کی قابلِ قدر کاوش۔]

☆ **مسائل حج و عمرہ**، مولانا غلام محمد منصوری۔ پتا: مکتبہ برہان، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۴۱۴۔ قیمت: درج نہیں۔ [اپنے موضوع پر مفید کتاب، مگر کتابت زیادہ جلی اور صفحات زیادہ ہیں۔ قدرے مختصر، کم ضخامت ہو تو افادیت کا دائرہ وسیع ہوگا۔]

© rasailojaraid.com